3107-گندے اور فحش میگزینوں کا حکم

سوال

ایسے مجلات اور میگزین جاری کرنے جن میں فحش اور گندی عورتوں کی تصاویر ہوں، اور اس میں فلمی اداکاروں اور گانے بجانے والوں کی خبریں ہوں کا حکم کیا ہے ؟

اور ایسے مجلات اور میگزین میں کام کرنا، اور اسے تقسیم کرنے میں معاونت کرنا اور اسے خریدنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

عورتوں کی تصاویر یا پھر زنا و بدکاری اور فحاشی کی دعوت دینے والے اعلانات، یا لواطت اور نشہ آور اشیاء وغیرہ کے اعلانات پر مشتمل میگزین اور مجلات جو باطل کی دعوت دیں جاری کرنا جائز نہیں، اور نہ ہی ان میں کام کرنا، اور نہ ہی اس میں کوئی ارٹیکل لکھنا اور اسے رواج دینا جائز ہے .

کیونکہ اس میں گناہ و برائی اور ظلم وزیادتی میں تعاون اور معاشرے میں شر وفساد اور خرابی کی نشر و اشاعت میں معاونت ہوتی ہے .

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور تم نیکی وبھلائی اور تقوی کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون کرو، اور برائی و شر اور ظلم وزیادتی میں ایک دوسرے کا تعاون مت کرو، یقینا اللہ تعالی بڑی سخت سزا دینے والا ہے}.

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جو کوئی ہدایت و بھلائی کی طرف دعوت دیتا ہے تو اسے اس پر عمل کرنے والے کی طرح ہی اجر وثواب حاصل ہوتا ہے، اور کسی کے اجر وثواب میں کمی نہیں کی جاتی، اور جو کوئی برائی و شر اور گمراہی کی دعوت دیتا ہے تو اسے اس پر عمل کرنے والوں جتنا ہی گناہ ہوتا ہے، اور کسی کے گناہ میں کمی نہیں کی جاتی"

صحیح مسلم حدیث نمبر (4831).

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک دوسری حدیث میں فرمان ہے :

"دو قسمیں ایسی ہیں جنہیں میں نے ابھی تک نہیں دیکھا : وہ لوگ جن کے پاس گائے کی دموں جیسے کوڑے ہونگے اور وہ لوگوں کو مارتے پھریں گے، اور وہ عورتیں جنہوں نے لباس تو پہنا ہوا ہوگا لیکن وہ ننگی ہونگی، لوگوں کی طرف مائل ہونے والی اور لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والی ہونگی، ان کے سر بختی اونٹوں کی طرح ہونگے، وہ جنت میں داخل نہیں ہونگی اور نہ ہی جنت کی خوشبو پائینگی، حالانکہ جنت کی خوشبو تو اتنی اتنی مسافت سے آجاتی ہے"

صحیح مسلم حدیث نمبر (3971).

اس موضوع اور معنی کے متعلق احادیث وآیات بہت زیادہ ہیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ مسلمانوں کو ایسے کام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جن میں ان خیر وصلاح ہے .